
سبق: ۹

# کسانوں کا گیت



قدم اپنا آ گے بڑھاتے چلیں گے
زمانے کی بگڑی بناتے چلیں گے
زمینوں پہ جب ہل چلاتے چلیں گے
تو مٹی سے سونا اگا تے چلیں گے
نشاں بھوک کا ہم مٹاتے چلیں گے
زمانے کی بگڑی بناتے چلیں گے

کہیں چاولوں سے سجائیں گے دنیا
کہیں باجروں سے بسائیں گے دنیا
چنے کی کہیں ہم بنائیں گے دنیا
جو ہے کال،اس کی مٹائیں گے دنیا
نشاں بھوک کا ہم مٹاتے چلیں گے
زمانے کی بگڑی بناتے چلیں گے

نہیں کام کرنے سے ہم تھکنے والے
جہاں جانتا ہے کہ ہم ہیں جیالے
اندھیرے کی دنیا میں ہم ہیں اجالے
کہ ہم ہیں بڑی سخت محنت کے پالے
نشاں بھوک کا ہم مٹاتے چلیں گے
زمانے کی بگڑی بناتے چلیں گے

★★★









الفاظ اور معانی

| لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|
| بگڑی بنانا | خراب حالت کو درست کرنا | کال | قحط |
| جیالے | دلیر۔ بہادر | ☆ | ☆ |

## مشق

ا۔سوچیے اور بتایئے:۔

(الف) زمینوں پہ ہل کون چلاتا ہے؟

(ب) کسان کون کون سی چیز اگاتا ہے؟

(ج) کسان دنیا سے کال کس طرح مٹانا چاہتا ہے؟

(د) کسان کس طرح کام کرنا چاہتا ہے؟

۲۔ نیچے لکھے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے:۔

قدم اپنا آگے.......................چلیں گے

زمانے کی.....................بناتے چلیں گے

................پہ جب ہل چلاتے چلیں گے

تو مٹی سے...................اگاتے چلیں گے

نشاں.............کا ہم مٹاتے چلیں گے

.................کی بگڑی بناتے چلیں گے

۳۔ نیچے دیے گیے الفاظ کی املا درست کیجیے:۔

کدم:.........نسان:................ جمین:...........مہنت:................ سکھت ........

۴۔ نیچے دی گئی مثال کی طرح اور ۵ رمثال دیجیے:۔